16/01/2025

07.40 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سہیل بھٹ سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائینز

*........ مسلح افواج کے77ویں آرمی ڈے کے موقعے پر ملک کی اعلیٰ قیادت نے فوجیوں اور سابق فوجیوں کو دی مبارکباد۔

*........ وزیر اعظم نے ممبئی کے بحری ڈاکیارڈ سے تین بحری جہازوں کو کیا کمیشن// دفاعی سیکٹرمیں خود کفالت موجودہ سرکار کی اعلیٰ ترجیح// وزیر دفاع۔

*........ راجوری کے بدھل علاقے میں پُر اسرار ہلاکتوں کی تحقیقات کا عمل جا ری// وزیر صحت سکینہ ایتو ۔

اور

*........چیف سیکریٹری نے جموں کشمیر میں کوڑا کرکٹ کو سائنسی خطوط پر ٹھکانے لگانے پر دیا زور ۔

آرمی ڈے

ملک بھر میں آج مسلح افواج کی خدمات کے اعتراف میں آرمی ڈے منایا جا رہا ہے۔یہ بھارتی فوجیوں کی ہمت، عزم اور مادر وطن کےلئے انکی خدمات کے صلے میں اُن کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے۔ یہ دن جنرل کے ایم کیریپا کی یاد میں منایا جاتا ہے، جنہوننے1949 میں آج ہی کے دن بھارتی فوج کے کمانڈر ان چیف کا عہدہ سنبھالا تھا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی ،مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ، چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انیل چوہان، جمونو کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سمیت دیگر کئی اہم شخصیات نے 77ویں آرمی ڈے کے موقعے پر تمام فوجی جوانوں، سابق فوجیوں اور انکے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے انکے تئیں نیک خواہشات کا اظہاکیا ہے۔ ادھر سرینگر میں قائم فوج کی چنارکور نے بھی سبھی جوانوں کو آرمی ڈے کے موقعے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

بارہمولہ

ادھر بارہمولہ میں قائم فوج کے ڈگر ڈویژن کی طرف سے آرمی ڈ ے کے موقعے پر شان ورمول ایوارڈ تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعے پر مختلف شعبوں میں سماجی خدمت کیلئے اپنے آپ کو وقف کرنے والوں کو اعزاز سے نوازا گیا۔

بحریہ

اسی دوران بھارتی دفاعی فورسز اور آتم نربھر بھارت پہل کو ایک بڑی جہت دیتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ممبئی میں تین فرنٹ لائن بحری جہازوں INS)سورت// INSنیلگری// اورINS واگ شیر)کو بحری ڈاک یاڈ میں شامل کیا۔ اس اقدام کی بدولت دفاع کے شعبے میں ایک عالمی لیڈر بننے کی سمت میں بھارت کی کوششوں کو تقویت حاصل ہو گی۔ اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا ۔

**----(PM)---Byte----**

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ آج تینوں بحری جہازوں کو ایک ساتھ کمیشن کیا جانا ایک تاریخی لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے دفاعی نظام کو مضبوط کرنا اور دفاعی سیکٹر میں خود کفالت حاصل کرنا ہمیشہ موجودہ سرکار کی ترجیحات میں شامل رہا ہے۔

----(Rajnath)--Byte-----

جتندر سنگھ

دریں اثناءوزیر اعظم کے دفتر میں و زیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اس پیش رفت کو ملک کےلئے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔

انہوں نے کہا کہ یہ تینوں بحری جہاز اندرونِ ملک تیار کئے گئے ہیں، جس کے لئے انہوں نے بھارتیہ بحریہ کے انجینئروں اور ورکروں کے ساتھ ساتھ پورے ملک کو مبارکباد پیش کی۔

سکینہ ایتو

راجوری ضلعے میں بدھل تحصیل کے بادھل گاؤں میں کسی پُر اسرار بیماری کے نتیجے میں مزید دو افراد کی موت ہوجانے سے اس پُر اسرار بیماری کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر14ہوگئی ہے۔

ادھر صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے آج نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ابتدائی طور پر ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ یہ کوئی بیماری نہیں ہے اور جو ٹیسٹ ابھی کئے گئے ہیں وہ سب منفی آئے ہیں۔ وزیر موصوفہ نے تاہم بتایا کہ یہ تحقیقات کا معاملہ ہے اور متعلقہ حکام جانچ کے عمل میں لگے ہوئے ہیں۔

----(Sakina Itoo)---Byte-------

انٹرو

سرینگر میں قائمانسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیورو سائنسز (IMHANS) نے نفسیاتی امراض میں مبتلا مریضوں کےلئے ایک آن لائن ویڈیو کنسلٹیشن سروس کا آغاز کیا ہے۔

ایک رپورٹ کے ساتھ شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

----(Tariq Rather)--V/O----

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH خبرنآپ پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

akashvanisrinagarnews@gmail.com

پر بھیج سکتے ہیں۔

ابھیان

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے ساہتیہ اکیڈیمی کے ایوارڈ یافتہ معروف ادیب ڈاکٹر سوہن لال کول سے بات کی، تو انہوں نے کہا۔

........(Dr.Sohan Lal Koul )....Byte........

گرفتار

اسی دوران پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی مہم کو جاری رکھتے ہوئے مزید چار سمگلروں کو گرفتار کر لیا ہے ۔

ان کے نام کنی پورہ فرقان مجید خان ،چھترگام کے سمیر حسین ڈار،گاندربل کے سہیب جی بٹ اور ہانجی دانتر اننت ناگ کے عبید اللہ لون بتائے گئے ہیں

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اُتل ڈلو نے ٹھوس اورمایع کچرے کو سائنسی خطوط پر ٹھکانے لگانے اور پروسس کرنے کے سلسلے میں جموں کشمیر کی مختلف اربن لوکل باڈیز سمیت میونسپل کارپوریشنوں کی صلاحیت سازی کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لینے کی غرض سے آج مکانات و شہری ترقی کے محکمے کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

چیف سیکریٹری نے سبھی متعلقین سے تاکید کی کہ وہ جموں کشمیر کی دونوں میونسپل کار پوریشنوں کیلئے کوڑے کچرے کو ٹھکانے لگانے سے متعلق جامع منصوبے مرتب کریں ۔

میونسپل اداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ نیشنل گرین ٹریبونل کے ضوابط کے مطابق ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کیلئے سوکھے اور گیلے کچرے کو الگ الگ کرکے اسے سائنسی طریقے پر پروسس کریں ۔

آلات

ان دنوں وادی میں سرد موسمی صورتحال کے چلتے لوگ کثرت سے گرمی کے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کررہے ہیں ، تاہم ان کے غیر مناسب استعمال سے لوگوں کو بعض اوقات جانی اور مالی نقصانات سے بھی دو چار ہونا پڑ رہا ہے ۔

اس ضمن میں ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

....(DC Srinagar)....Byte...........

حج

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے، حج2025 کے سلسلے میں ،سعودی عرب کا دورہ کر کے وہاں بھارتی عازمین کےلئے تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ہے۔اس دوران سعودی عرب کے ساتھ حج2025 کے سلسلے میں ایک باہمی معاہدے پر دستخط کئے گئے۔ معاہدے پر کرن رججو اور انکے سعودی ہم منصب ڈاکٹر توفیق بن فوزان نے دستخط کئے۔

وزیر موصوف نے حج اور عمرہ کانفرنس و نمائش کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کرنے کے علاوہ سعودی عرب کے اہم شخصیات سے باہمی ملاقاتیں کیں، جس دوران انہوں نے جدہ اور مدینہ میں بھارتی عازمین کےلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

یہ خبر پہلے ہی دی جا چکی ہے کہ دستخط شدہ معاہدے کی رو سے اس سال بھارت کےلئے ایک لاکھ75ہزار25 حج نشستوں کا کوٹا مقرر کیا گیا ہے۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں این سی سرکار تمام خطوں کے ساتھ یکساں سلوک روا رکھے گی۔

صوبہ جموں کے رام نگر، بھدرواہ ، کشتواڑ، ڈوڈہ، پونچھ اور راجوری سے آئے ہوئے عوامی وفود اور پارٹی لیڈروں اور کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ وقت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ عوامی نمائندہ سرکار کا کوئی متبادل نہیں ہو سکتا ہے۔

CBC

سینٹرل بیور و آف کیمونیکیشن جموں کشمیر اور لداخ کے ڈائریکٹر چودھری غلام عباس کی صدار ت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔میٹنگ میں CBC کے جموں کشمیر اور لداخ ڈویژنوں کی رواں سال کی مالی اور فیزکل کار گذاری کا جائزہ لیا گیا ۔

مہا کنبھ

أتر پردیش کے پریاگ راج میں جا ری مہاکنبھ کا آج تیسرا دن تھا، جہاں سبھی مذہبی رسومات معمول کے مطابق جا ری ہیں۔ امرت اسنان میں لاکھوں عقیدت مند اور سادھو سنت شرکت کررہے ہیں۔

مہا کنبھ میں نہ صرف ملک کے مختلف حصوں سے بلکہ دنیا کے الگ الگ کونوں سے بھی شردھالووں کی ایک بڑی تعداد حاضری دے رہی ہے۔

------Music------

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 11ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی4.8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر36منٹ پراور غروب آفتاب شام5بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔